انویسٹ کیپیٹل انویسٹمنٹ بینک لمیٹڈ

غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ انویسٹ کیپیٹل انویسٹمنٹ بینک لمیٹڈ (" کمپنی" / "ICIBL") کا غیر معمولی اجلاس عام ("EOGM") مورخہ 26 ستمبر 2024 کو صبح 10:30 بجے، ICMA کے آڈیٹوریم، مین کیمپس،، نیو چوبرجی گلشن اقبال، کراچی اور ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائے گا۔

خصوصی امور

1 کمپنی کے عمومی حصص کے سرمائے کو -/2,418,139,120 روپے (دو ارب چار سو اٹھارہ ملین ایک سو انتالیس ہزار ایک سو بیس روپے صرف) کی حد تک کمی کرنے اور غیر دستیاب اثاثوں پر جمع شدہ نقصانات اور انضمام پر منفی کیپٹل ریزرو کی ایڈجسٹمنٹ کے ذریعے کمپنی کے 241,813,912 عمومی حصص کی منسوخی پر غور وخوض اور اگر مناسب سمجھا جائے تو منظوری دینا اور ایک خصوصی قرارداد کے طور پر ایک قرارداد منظور کرنا جیسا کہ ٹھوس حقائق کے بیانیہ میں درج ہے۔

جیسا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 134(3) کے تحت مطلوب ہے، شیئر ہولڈرز کو بھیجے جانے والے مذکورہ نوٹس کے ہمراہ ٹھوس حقائق کا بیانیہ اور مسودہ قرارداد منسلک ہے جسے مذکورہ خصوصی امور کے سلسلے میں خصوصی قرارداد کے طور پر منظور کیا جانا ہے۔

بحکم بورڈ

بتاریخ: 5 ستمبر 2024ء

ایم فہیم اشرف
کمپنی سیکریٹری

نوٹ:

1 **حصص منتقلی کتب کی بندش**

کمپنی کی حصص منتقلی کی کتابیں 19 ستمبر 2024 سے 26 ستمبر 2024 تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار، کارپوریٹ ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، E-503، جوہر ٹاؤن لاہور کے دفتر میں 18 ستمبر 2024 کو کاروبار کے اختتام تک بالترتیب موصول ہونے والی منتقلیاں EOGM میں شرکت اور ووٹ دینے کے لیے شیئر ہولڈرز کے استحقاق کے مقصد کے لیے بروقت تصور کی جائیں گی۔

2 **خصوصی امور کیلئے پوسٹل بیلٹ:**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 میں موجود شرائط سے مشروط اور ضروریات کے مطابق کمپنی کے اراکین کو الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت کے ذریعے رائے دہی کا استحقاق استعمال کرنے یا EOGM میں خصوصی امور کے لیے ڈاک کے ذریعے ووٹ دینے کی اجازت ہوگی۔

3 **ای ووٹنگ کا طریقہ کار:**

a ای ووٹنگ کی سہولت میسرز کارپوریٹ ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کی جانب سے فراہم کی جائے گی، جو ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ کے طور پر خدمات فراہم کرتے ہیں، جسے ICIBL کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے مقرر کیا ہے۔

b ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات بینک کے ان اراکین کو ای میل کے ذریعے شیئر کی جائیں گی، جن کے پاس اپنے درست CNIC نمبرز، موبائل نمبرز، اور ای میل ایڈریس (رجسٹرڈ ای میل آئی ڈی) مورخہ 18 ستمبر 2024 کو یا اس سے قبل بینک کے ممبران کے رجسٹر میں دستیاب ہوں۔

c ای ووٹنگ کے ذریعے رائے دہی کا ارادہ رکھنے والے اراکین کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا الاگ ان تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔

d ممبران خصوصی امور کے لیے ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ کی جانب سے فراہم کردہ ویب پورٹل کے ذریعے 23 ستمبر 2024 کو صبح 09:00 بجے سے 25 ستمبر 2024 شام 5:30 بجے تک اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں، جیسا کہ EOGM کے نوٹس میں بتایا گیا ہے۔ ووٹ صرف مذکورہ شیڈول کے دوران ڈالے جائیں گے؛ اور

e ایک بار جب کسی رکن کی جانب سے قرارداد پر ووٹ ڈال دیا جائے، تو بعد ازاں اسے تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

5 **غیر معمولی اجلاس عام میں آن لائن شرکت:**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی ہدایات کے مطابق کمپنی نے EOGM میں ممبران کی آن لائن شرکت کیلئے ویڈیو لنک کی سہولت کا انتظام کیا ہے۔ اسمارٹ فونز/ٹیبلیٹ/کمپیوٹر کا استعمال کرتے ہوئے اجلاس میں شرکت کی جاسکتی ہے۔ ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کیلئے، ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کی صورت میں وہ مورخہ 24 ستمبر 2024 کو یا اس سے قبل "رجسٹریشن برائے انویسٹ کیپیٹل انویسٹمنٹ بینک لمیٹڈ EOGM" کے عنوان سے ای میل naim.ashraf@icibl.com کے ذریعے مندرجہ ذیل تفصیلات بشمول CNIC / پاسپورٹ / بورڈ کی قرارداد کی تصدیق شدہ کاپی/ پاور آف اٹارنی کی کارآمد کاپی فراہم کر کے اپنے کوائف کا اندراج کرائیں۔

ممبر کا نام	سی این آئی سی نمبر	فولیو نمبر/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر	موبائل نمبر	ای میل ایڈریس

ضروری تصدیق کے بعد رجسٹرڈ ہونے والے ممبران کو کمپنی کی جانب سے اس ای میل ایڈریس پر ایک ویڈیو لنک فراہم کیا جائے گا جس سے وہ کمپنی کو ای میل کریں گے۔ لاگ ان کی سہولت اجلاس کے آغاز سے اس کی کارروائی کے اختتام تک کھلی رہے گی۔

6 **پراکسی:** اجلاس ہذا میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حقدار رکن کسی دوسرے ممبر کو اس کے بجائے شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسی کو کمپنی کا ممبر ہونا ضروری ہے۔ اس طرح مقرر کردہ پراکسی کو اجلاس میں شرکت، بولنے اور ووٹ دینے کے ایسے حقوق حاصل ہوں گے جو ممبر کو دستیاب ہیں۔ پراکسی اپنی شناخت ثابت کرنے کے لیے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ پیش کرے گا۔

7 **پراکسی جمع کرنے کا وقت:** پراکسی کی تقرری کی دستاویز اور پاور آف اٹارنی یا دیگر دستاویز یا پاور آف اٹارنی کی تصدیق شدہ اور نوٹری سے تصدیق شدہ کاپی لازمی طور پر کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل جمع کرائیں۔ انگریزی اور اردو زبانوں میں پراکسی فارم شیئر ہولڈرز کو ارسال کردہ اجلاس کے نوٹس کے ہمراہ منسلک ہیں۔

8 **سی ڈی سی ممبران:** جن ممبران نے اپنے حصص سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ ("CDC") میں جمع کرائے ہیں انہیں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے وضع کردہ ذیل ہدایات پر مزید عمل کرنا ہوگا۔

A برائے اجلاس میں شرکت

a انفرادی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات CDC کے ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہوں، مندرجہ بالا طریقہ کار کے تحت اپنی شناخت کی تصدیق کرائیں گے۔

b کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی جس میں نامزد شخص کے دستخط کے نمونے ہوں مندرجہ بالا طریقہ کار کے تحت جمع کرائیں گے۔

B برائے تقرری پراکسی

a انفرادی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات CDC کے ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہوں، مندرجہ بالا طریقہ کار کے تحت پراکسی فارم جمع کرائیں گے۔

b پراکسی فارم پر دو افراد گواہی موجود ہو، جن کے نام، پتے اور CNIC نمبر فارم پر درج ہو۔

c بینیفیشل مالکان کے CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں اور پراکسی دستاویز کو پراکسی فارم کے ساتھ پیش کیا جائے۔

d کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی جس میں نامزد شخص کے دستخط کے نمونے ہوں، کمپنی کو پراکسی فارم کے ہمراہ پیش کیا جائے۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت ٹھوس حقائق کا بیانیہ۔

مذکورہ بیانیہ مورخہ 26 ستمبر 2024 کو منعقد ہونے والے کمپنی کی غیر معمولی اجلاس عام میں لین دین کیلئے خصوصی امور سے متعلق مضبوط حقائق کا تعین کرتا ہے۔

عمومی اداشدہ حصص سرمایہ میں کمی:

کمی کی وجوہات اور مقصد:

- نقصانات کی تخفیف کیلئے: کمپنی نے جمع شدہ نقصانات (30 جون 2023 تک 509.39 ملین روپے) اور منفی انضمام کیپٹل ریزرو (30 جون 2023 تک 2,022.08 ملین روپے) جس کو شیئر سرمائے سے فنڈ کیا جارہا ہے۔ لہٰذا اداشدہ سرمایہ دستیاب اثاثوں میں ظاہر نہیں ہوتا ہے۔ سرمائے کی مجوزہ کمی اداشدہ حصص سرمائے سے جامع نقصانات/منفی انضمام کیپٹل ریزرو کو ختم کردے گی۔
- سرمائے میں کمی فی حصص کی بک ویلیو کو بہتر بنائے گی جس کے نتیجے میں فی حصص مارکیٹ کی قیمت بہتر ہوگی۔
- سرمائے میں کمی سے فی حصص آمدنی میں اضافہ ہوگا اور ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کا تناسب بہتر ہوگا۔
- ڈیویڈنڈ کی ادائیگی: کمپنی نے گزشتہ سالوں میں کچھ مشکل تجارتی حالات کا تجربہ کیا ہے جنہیں بیلنس شیٹ پر جامع نقصانات ریکارڈ ہوئے ہیں۔ جس نے ہمارے حصص یافتگان کو ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کرنا ناممکن بنادیا۔ سرمائے میں کمی سے ہم حصص یافتگان کو ڈیویڈنڈ ادا کرسکیں گے۔
- اخراجات میں کمی: کچھ فیسیں اور رکنیت اداشدہ کیپٹل کی رقم پر مبنی ہیں جو کیپٹل کی کمی کے ساتھ کم ہوجائیں گی۔

حصص سرمائے میں کمی سے وابستہ شرائط وضوابط کی مفصل تفصیلات:

سرمائے کی کمی موجودہ حصص یافتگان کے متناسب حصص کیپٹل کی منسوخی سے حاصل کی جائے گی۔ ہر 100 شیئرز کیلئے، شیئر ہولڈرز کو 15.113368595 عمومی حصص ملیں گے جبکہ بقیہ 84.886631405 حصص عدالت کی تصدیق کے بعد منسوخ کردیے جائیں گے۔ کمپنی سرمائے میں کمی کی تصدیق کرنے والے عدالت کے حکم کی کاپی وصولی کے 15 دنوں کے اندر بک بندش کی تاریخ کا اعلان کرے گی۔

حصص کی رقم اور تعداد کو منسوخ یا ادا کرنے کی تجویز؟

رقم	–	-/2,418,139,120 روپے
منسوخ کیے جانے والے حصص کی تعداد	-	241,813,912 عمومی حصص

موجودہ اور بعد از منسوخی حصص سرمائے کے موازنہ کے ہمراہ حصص سرمائے میں کمی کا اثر:

سرمائے میں کمی سے کمپنی کی بیلنس شیٹ پر مثبت اثر پڑے گا۔ موجودہ اور بعد از منسوخی کیپٹل کی تفصیل درج ذیل ہے:

حصص سرمایہ کی پوزیشن بتاریخ

تفصیل	30 جون 2023 تک موجودہ حصص سرمایہ	شیئر کیپٹل میں کمی کے بعد حصص سرمایہ
مجاز سرمایہ	4,850,000,000	4,850,000,000
حصص کی تعداد	284,866,896	43,052,984
جاری کردہ، سبسکرائب شدہ اور اداشدہ سرمایہ	2,848,668,960	430,529,838
انضمام پر کیپیٹل ریزرو	(2,022,075,992)	0
جنرل ریزرو	102,976,444	102,976,444
جامع نقصان	(509,391,449)	(113,328,319)
فیئر ویلیو ریزرو	10,351,875	10,351,875
کل ایکویٹی	**430,529,838**	**430,529,838**
بک ویلیو فی شیئر (کل ایکویٹی-ڈائریکٹرز قرضہ جات)	**1.51**	**10.00**

اثاثوں، واجبات اور حصص یافتگان کی ایکویٹی کی تفصیل تازہ ترین سالانہ مالیاتی حسابات اور اس کے بعد کے عبوری مالی حسابات کے مطابق، اگر کوئی ہوں۔

30 جون 2023 کے آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کے مطابق اثاثوں، واجبات اور شیئر ہولڈرز کی ایکویٹی کی تفصیلات اور 31 دسمبر 2023 کو ختم ہونے والے ششماہی کیلئے عبوری غیر آڈیٹ مالیاتی نسابات ہماری ویب سائٹ www.icibl.com پر دستیاب ہیں۔

کمپنی کے قرض دہندگان کی فہرست کے مع نوعیت اور اس میں شامل رقم کے بارے میں معلومات، اگر بنیادی یا ٹھوس ہو:

بینک اسلامی پاکستان لمیٹڈ کا قرض 18.63 ملین روپے ہے جو 23 مساوی سہ ماہی اقساط (27 ستمبر، 27 دسمبر، 27 مارچ، 27 جون) میں قابل ادائیگی ہے، آخری قسط 27 جون 2029 کو ادا کی جائے گی جب بقایا واجبات NIL ہوجائیں گے۔

سرمائے میں کمی سے متعلق تازہ ترین سالانہ مالیاتی حسابات میں آڈیٹرز کی جانب سے اپنی رپورٹ میں کیے گئے اہلیت کی مختصر تفصیلات، تحفظات، منفی رپمارکس یا ضمہ داری، اگر کوئی ہیں۔

30 جون 2023 کو ختم ہونے والے مالی سال کی تازہ ترین آڈٹ رپورٹ میں **گوئنگ کنسرن سے متعلق ٹھوس غیر یقینی** صورتحال پر معاملے پر پیراگراف کا زور دیا گیا ہے، نمایاں پیراگراف ذیل میں دوبارہ پیش کیا جاتا ہے:

''ہم مالیاتی حسابات میں نوٹ 1.3 کی طرف توجہ مبذول کراتے ہیں، جو اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ گزشتہ سالوں میں کمپنی کو آپریشن نقصانات کا سامنا کرنا پڑا ہے، اور کمپنی کے مالیاتی بیانیہ کی تاریخ تک کمپنی کا جامع نقصان 509.39 ملین روپے ہے۔ نوٹ 1.3 میں بیان کردہ دیگر معاملات کے ساتھ واقعات یا حالات اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ ٹھوس غیر یقینی صورتحال موجود ہے، جو کہ کمپنی کی گوئنگ کنسرن کے طور پر جاری رکھنے کی صلاحیت پر اہم شکوک پیدا کرسکتی ہے۔ اس معاملے میں ہماری رائے میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔''

کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت کمپنی کے خلاف کسی زیر التوا معائنہ، انکوائری یا تحقیقات کی تفصیلات

کمپنی ایکٹ 2017 کے تحت کمپنی کے خلاف کوئی تفتیش، انکوائری یا تحقیقات کا معاملہ زیر التوا نہیں ہے۔

مندرجہ ذیل قرارداد کو خصوصی قرارداد کے طور پر منظور کرنے کی تجویز ہے۔

''قرار پایا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 89 اور کمپنیز ایکٹ 2017 کی مذکورہ دیگر قابل اطلاق دفعات مع کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے مطابق اور اجلاس عام میں اراکین کی منظوری سے مشروط، منظوریوں کے تابع اور متعلقہ حکام کی منظوری جیسا کہ ضرورت ہوسکتی ہے اور سندھ ہائی کورٹ کراچی کی توثیق سے مشروط اور ایسی شرائط، ضوابط یا ترمیم سے مشروط اگر کوئی ہو، جیسا کہ ایسی منظوری، رضامندی یا اجازتیں دیتے وقت مذکورہ حکام نے تجویز کی ہو اور جس پر کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے اتفاق کیا جاسکتا ہے، بذریعہ ہذا منظوری دی جاتی ہے کہ کمپنی کے جاری شدہ اور سبسکرائب شدہ حصص سرمایہ -/2,848,668,960 روپے (284,866,896 عمومی حصص بحساب -/10 روپے فی حصص مکمل طور پر ادا شدہ پر مشتمل) کو -/2,418,139,120 روپے جاری کردہ سبسکرائب شدہ اور ادا شدہ حصص سرمائے کی کمی کے ذریعے کم کر کے -/430,529,838 روپے (43,052,984 جاری کردہ، سبسکرائب شدہ اور ادا شدہ عمومی حصص بحساب -/10 روپے فی حصص مکمل طور پر ادا شدہ پر مشتمل) کیا جاتا ہے اور یہ کہ مذکورہ کی 241,813,912 عمومی حصص بحساب -/10 روپے فی حصص کو منسوخ اور ختم کر کے حاصل کیا جائے گا۔

مزید قرار پایا کہ مذکورہ قرارداد کو عملی جامہ پہنانے کے مقصد کیلئے جناب محمد آصف، چیف ایگزیکٹو آفیسر اور جناب محمد فہیم اشرف، کمپنی سیکریٹری میں سے کوئی بھی ایسے تمام کاموں، اعمال، معاملات اور امور کی انجام دہی جیسا کہ ضروری یا مطلوبہ ہو یا قرارداد کو مؤثر طریقے سے نافذ کرنے اور اس سلسلے میں پیدا ہونے والے کسی بھی سوال، مشکلات یا شکوک کو حل کرنے کیلئے جیسا کہ وہ اپنی مکمل صوابدید کے مطابق مناسب سمجھیں، بذریعہ ہذا مجاز ہیں۔''

متعلقہ دستاویزات کی دستیابی اور معائنہ

سرمائے کی مجوزہ کمی سے متعلق تمام متعلقہ دستاویزات غیر معمولی اجلاس عام سے ایک دن قبل تک ایام کار کے اختتام صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں معائنہ کیلئے دستیاب ہیں۔